152885 ـ حیض کی حالت میں خاوند کا بیوی کے ساتھ مشت زنی کرنا

سوال

کیا حیض کی حالت میں بیوی اپنے خاوند کے ہاتھ سے مشت زنی کروا سکتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

خاوند اور بیوی دونوں ایك دوسرے سے جس طرح چاہیں استمتاع کر سکتے ہیں، لیکن حیض اور نفاس والی جگہ اور دبر سے اجتناب کریں، اور خاوند کے ہاتھ سے بیوی کا لطف اندوز ہونا یا اس کے برعکس بیوی کے ہاتھ سے بیوی کی لطف اندوز ہونے میں کوئی حرج نہیں.

کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں، مگر اپنی بیویوں پر یا پھر لونڈیوں پر تو ان پر کوئی ملامت نہیں
المومنون (5 ـ 6) .

اور اگر بیوی حیض کی حالت میں ہو اس حالت میں بیوی کو خاوند کے ہاتھ سے لطف اندوز ہوتے ہوئے مشت زنی نہیں کروانی چاہیے کیونکہ ایسا کرنے میں گندگی اور نجاست میں پڑنا ہے کیونکہ حیض کا خون لگےگا، ہاں یہ اور بات ہے کہ کوئی حائل (آڑ) وغیرہ استعمال کی جائے.

حائضہ عورت سے استمتاع کرنے کے بارہ میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے سوال نمبر (36722) اور (36864) کے جواب کا مطالعہ کریں.

واللہ اعلم .